اور یہ مسئلہ آپ بھی سمجھتے ہیں کہ قومی نوعیت کا ہے اور خاصا اہم ہے اور آپ نے چوہدری صاحب کا شکریہ بھی ادا کیا تو اس کو دو گھنٹے کی بحث کے لئے منظور کر لیتے ہیں۔

ملک نسیم احمد آہیر: جناب اس میں ایک رکاوٹ ہے، وہ رکاوٹ یوں ہے کہ قائداعظم یونیورسٹی میں یہ گڑبڑ ۶ اور ۷ مئی کو ہوئی اور رات کو مجھے وائس چانسلر صاحب نے بتایا کہ وہاں دو مختلف متحارب دھڑوں میں فائرنگ ہو رہی ہے تو میں نے فوری طور پر ان کو کہا کہ آپ یہاں پولیس میں اس کی اطلاع کریں اور میں نے بھی ان سے رابطہ قائم کیا۔ جناب چانسلر سے بھی یہ بات ہوئی اور فوری طور پر رات کو ہم نے اس پر کارروائی کی اور ہم نے ۳۴ طلباء کو گرفتار کیا جن سے یہ اسلحہ برآمد ہوا جناب یہ اسلحہ ایک کلاشنکوف، ایک سٹین گن بارہ بور کی ایک گن، ۹ ریوالور، پسٹل بتیس بور کے ۶ پسٹل بائیس بور کے ۳، اور خنجر ۲، پر مشتمل ہے، اب اس کے بعد یہ مقدمہ باقاعدہ عدالت میں چلا گیا ہے۔ اور جہاں تک یونیورسٹی کا تعلق تھا اس نے اس پر ایکشن لیا اکیس طلباء کو ہم نے وہاں سے rusticate کیا اور باقی سات کے خلاف ہم نے پولیس کارروائی کی۔ اب جناب یہ مسئلہ جو ہے وہ عدالت کے زیر غور ہے subjudice ہے اور subjudice ہونے کی وجہ سے رول ۷۱ کلاز (ایل) کے تحت۔

"Rule 71 (1) It shall not relate to a matter pending before any court or other authority performing judicial or quasi-judicial functions."

So, Sir, these are the reasons for which I oppose the admission of this motion, otherwise I would have no objection at all. So since the matter is subjudice. If the honourable Member wants to discuss the student problem I have no objection whatsoever, it must be debated in the Senate, in the National Assembly because this is an issue which relates to the whole nation. It is an issue which relates to the future of

[Malik Nasim Ahmed Aheer]

Pakistan. So, I would like to have it debated in these two august bodies, the sovereign bodies, the supreme bodies of people of Pakistan. But at the same time as far as this motion is concerned Sir, I oppose it because the matter is subjudice.

Mr. Chairman: Can the Minister for Justice throw some light on this. Would it really prejudice the case if it is debated here in the House? I don't want to go against the rules and I don't want to set up wrong precedents either, I think, you know that, but the matter is important, I think if in some other form and since the honourable Minister is offering that he is prepared to debate it in some other context, can some other way be found because the issue is really important it does not pertain to Quaid-e-Azam University alone I think it is a problem throughout our educational institutions.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, since the matter is subjudice and this precise motion relates to a definite matter which has been brought for consideration, thus we might be setting up a wrong precedent but I think the discussion can take place on a motion which the Minister can move and we can have a two hour discussion on it.

Mr. Chairman: Will that be acceptable to the Minister.

Syed Sajjad Haider: Do I have your permission Sir?

Mr. Chairman: Please.

Syed Sajjad Haider: Mr. Chairman, I would be only too delighted to have the issue of student community discussed in this august House and that would also assist and enable us to formulate a policy and to arrive at the conclusion as to what course of action would the House prescribe. Because the situation pertaining to the affairs of the unions and inspite of the fact that we have imposed a ban the situation is certainly alarming. It does not only relate and confine itself to the Quaid-e-Azam University, it is a matter which relates to almost all the federating provinces of the country, and I would be only too delighted provided one of the Members is interested in moving or if you would direct me I would be only too happy to initiate it.

Mr. Chairman: I think to get over the technical difficulty of the case being subjudice, the best course would be for you to move a motion that this problem should be discussed and some suitable opportunity may be found. I think in view of this assurance probably Chaudhary Sahib would not press his motion.

جناب محمد طارق چوہدری: یہ تو جی ویسے بھی میں نئے وزیر کی پہلی رونمائی کی نذر کرتا ہوں اور مجھے توقع ہے کہ آئندہ ......

Syed Sajjad Haider: I am indebted Sir.

Mr. Chairman : Thanks. The next will have to be adjourned because Mr. Zain Noorani who was supposed to deal with this, has another engagement and he had requested that this should be postponed. If Chaudhary Sahib does not insist on moving it.....

جناب محمد طارق چوہدری: ٹھیک ہے جی۔

Mr. Chairman: Right. So we come to the regular business of the House.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, may I with your permission make a statement.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir, my adjournment motion has been put off to the next day which was joined with Mr. Javed Jabbar.

THE ENFORCEMENT OF SHARIA BILL, 1985

Mr. Chairman: It was not for today and I think the time after Half an hour is also over for adjournment motions. Now, consideration of the Bill to enforce Sharia in the country. Item 2.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, this is the next item on the agenda. We are today at the stage where the second reading was to begin. In this context some amendments have been moved by the movers themselves which means that they feel that some amendments are necessary in their own draft which was presented to the Senate. There are also certain other amendments by other honourable Members of this House. Since the movers are not here and they have announced a boycott, it would be appropriate that we do not take up consideration

[Mr. Wasim Sajjad]

of this Bill. We would like that they should be present when this matter is discussed and I do hope that they would realize their obligations to the Senate and to the people whom they represent and they would make their presence in the Senate in due course and it would be appropriate that we take up the matter at that time. So, if your honour agree Sir, this may be pended till the honourable movers come back to the Hosue.

Mr. Chairman: I have no objection but I will have to ask for the sense of the House. Personally I consider that this is a gracious gesture on the part of the Government to postpone consideration of this Bill.

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! جب سے شریعت بل اس ہاؤس میں move ہوا ہے بہت زمانہ ہو گیا اس بل کو حکومت مسلسل مؤخر کرتی چلی آرہی ہے اور یہ اس کی خواہش تھی جو معقول تھی کہ کسی طرح کوئی بیچ کا راستہ نکل آئے اور محرکین کے ساتھ مل کر کوئی متفقہ مسودہ اس ایوان میں پیش کیا جا سکے لیکن اس طرح کی تمام کوششیں اب تک رائیگاں گئی ہیں اور مستقبل میں بھی اس طرح کی کوئی امید نہیں ہے کہ کوئی متفقہ مسودہ اس ایوان میں دونوں اطراف سے پیش کیا جا سکے۔ دریں اثنا قوم بری طرح اس شریعت بل کی وجہ سے تقسیم ہو چکی ہے شیعہ حضرات شدومد سے اس کی مخالفت کر رہے ہیں بریلوی مکتب فکر کے حضرات اس میں بری طرح divided ہیں، سیاسی گروہ جس کی قیادت مولانا شاہ احمد نورانی کے ہاتھ میں ہے وہ اس کے سخت مخالف ہیں اسی طرح دیوبندی جماعت میں بھی تقسیم ہے مولانا فضل الرحمان جو جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ ہیں وہ اس کے شدید مخالف ہیں اور اہل حدیث تو پوری جماعت اس کے خلاف احتجاجی مظاہرے کر رہی ہے اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ اسے تاخیر کر کے مسلسل مؤخر کر کے وہ کوئی مقصد حاصل کر سکتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ غلطی پر ہے قوم تقسیم در تقسیم ہوتی چلی جائے گی اور وہ منافرت کے جذبات جو مختلف مذہبی گروہوں میں پیدا ہو چکے ہیں ان کی وجہ سے تصادم تک کی نوبت آ جائے گی اس

لئے میں محترم وزیر قانون سے گزارش کروں گا کہ وہ وقت ضائع نہ کریں آج اگر وہ اسے نہیں لے رہے نہ لیں لیکن وہ ہمیں یہ یقین دھانی کرائیں کہ آئندہ سیشن میں وہ شریعت کا فیصلہ کریں گے جو بھی صورت ہو اگر شریعت محاذ کے حضرات اس ایوان میں آتے ہیں، خوش آمدید، نہیں آتے تب بھی ہاؤس کے اراکین جو جذبات رکھتے ہیں اور یقیناً وہ اسلام کے خلاف جذبات نہیں رکھتے ان ترامیم کے ساتھ جو اس میں ضروری سمجھی جاتی ہیں شریعت بل کو پاس کر دیا جائے۔ اس لئے میں ان سے گزارش کروں گا کہ از راہ کرم وہ سیاسی مصلحتوں کی وجہ سے اسے معرض تاخیر میں ڈالنے سے گریز کریں، اور یہ عہد کریں کہ سینیٹ کے آئندہ سیشن میں کم سے کم وہ قوم کو اس تنازعہ سے نجات دلائیں گے۔

Mr. Chairman: Would you like to say something Mr. Wasim Sajjad?

جناب وسیم سجاد: جناب والا! میں صرف یہ وضاحت ضروری سمجھتا ہوں کہ حکومت نے اگر اس سلسلے میں تاخیر کی ہے تو وہ عوام کے مفاد میں اور اس ملک کے مفاد میں کی ہے ہماری خواہش شروع سے یہ رہی ہے کہ بل افہام وتفہیم سے متفقہ طور پر consensus سے اور ایسی consensus سے جس کو پاکستان کی میجارٹی تسلیم کرے پاس ہو جائے ہماری کوشش صرف یہی ہے۔ اور مولانا صاحب نے جس کا ذکر کیا ہے کہ قوم اس کی وجہ سے تقسیم ہو رہی ہے۔ تو اس کا ہمیں احساس ہے اسی لئے ہم چاہتے ہیں کہ شریعت کے نام پر قوم تقسیم نہ ہو شریعت کا نام اتحاد کا نام ہے۔ شریعت کے نام کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان کے تمام مسلمان اس چیز پر متفق ہوں کہ یہ شریعت ہے اور ہم اس کو نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ بل موجودہ شکل میں اس چیز کو پورا نہیں کرتا۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ ان سے مل بیٹھ کر افہام وتفہیم سے ایک ایسا ذریعہ نکالا جائے کہ سب لوگ اس سے متفق

ہو جائیں ۔ شکریہ جناب ۔

جناب چیئرمین: ہاؤس کی کیا رائے ہے کہ یہ postpone کیا جائے (وقفہ) ٹھیک ہے آئندہ اجلاس میں اس کو پھر لے لیں گے next item. ریزولیوشنز۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! آپ کی اجازت سے میں بھی یہی تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں سید عباس شاہ صاحب پاکستان سے باہر ہیں اور چھٹی پر ہیں اور آج تشریف فرما نہیں ہیں تو یہ قرار داد بھی ان کی موجودگی میں لی جائے ۔

Mr. Chairman: The House recommends that the Government may lay the World Bank Report.

اس پر آپ کو کوئی اعتراض ہے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جی ہاں ۔

جناب چیئرمین: پھر تو بحث ملتوی ہو سکتی ہے ۔ ٹھیک ہے ۔ جب وہ آجائیں گے تو دوبارہ لے لیں گے ۔

Mr. Chairman: Next. Further discussion on the following resolution moved by Malik Fariudllah Khan:

> "This House recommends that Shakai Area of South Waziristan Agency be accorded the status of Tehsil Headquarter".

ملک فرید اللہ خان: جناب چیئرمین، اس قرار داد کے متعلق حکومت کے ساتھ ہماری مفاہمت ہو چکی ہے اس لئے میں اسے withdraw کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین: اچھا very good ، کیا مفاہمت ہوئی ہے؟

ملک فرید اللہ خان: انہوں نے جناب ہمیں یقین دھانی کرا دی ہے کہ .....

جناب چیئرمین: تحصیل بنے گی؟

ملک فرید اللہ خان: جی ہاں ۔

جناب چیئرمین: اچھا ، اگلی تحریک نمبر ۶ ، قاضی حسین احمد کے نام پر ہے ۔

Item No. 6 on the Orders of the Day. He is not in the House.

(*Pause*)

I think Bills do not lapse but I will look this up.

Next item No. 7. Nawabzada Jehangir Shah Jogezai.

I am told that the earlier Resolution in the name of Malik Faridullah Khan was moved in the Hosue.

Malik Faridullah Khan: Yes it was moved.

Mr. Chairman: If it was moved in the House then it becomes the property of the House and you can withdraw it only with the leave of the House.

Does the honourable Member has the leave of the House to withdraw it?

(The leave was granted)

Mr. Chairman: Right. Next Nawabzada Jehangir Shah Jogezai.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگزئی: جناب والا! آج کی پارٹی میٹنگ میں ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس بل کو کمیٹی ریویو کرے گی۔ لہٰذا میں اگلی مرتبہ اسے موو کروں گا۔

Mr. Chairman: So, you are not moving for leave right now?

Nawabzada Jehangir Shah Jogezai: Not today, Sir.

Mr. Chairman: Then, we come to Resolutions. Maulana Kausar Niazi to move his Resolution at item No. 12. Yes. please.

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! پہلے تو میں تصحیح کرنا چاہتا ہوں کہ میرے ریزولیوشن کے یہ اصل الفاظ نہیں ہیں جو اس ایجنڈے میں درج کئے گئے ہیں اس میں سینیٹ کے ساتھ ساتھ میں نے نیشنل اسمبلی کو بھی شامل کیا ہے۔

جناب چیئرمین : اس کے متعلق میں آپ کو عرض کر دوں کہ ہمارا یہ خیال تھا کہ اس ہاؤس کا یہ کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ نیشنل اسمبلی کے بارے میں رائے دے۔ نیشنل اسمبلی چونکہ ایک sovereign body ہے اگر وہ خود اپنے طور پر کچھ کرنا چاہئے تو ضرور کرے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! جہاں تک سفارش کا تعلق ہے، ہم گورنمنٹ کو کوئی بھی سفارش کر سکتے ہیں۔ ہم کوئی فیصلہ تو نہیں کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : جب دوسرا ہاؤس موجود ہے تو وہ خود بھی اپنی سفارش کر سکتا ہے اگر وہ یہ چاہتا ہے۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! یہاں ہم دنیا جہان کے مسائل پر ریزولیوشن لا سکتے ہیں۔ اگر ہم یہ کہیں کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ، دونوں کے اجلاسوں کے بارے میں یہ کیا جائے، تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی بار ہے۔

جناب چیئرمین : لیکن اگر یہاں پر اس کی ابتداء ہو جاتی ہے تو پھر نیشنل اسمبلی بھی اسے فالو کرے گی۔ اس وقت ہم نے اس مسئلہ کو دیکھا تھا۔

مولانا کوثر نیازی : جیسا آپ مناسب سمجھتے ہیں۔

جناب چیئرمین : میں نے particularly خود اس کو اسی angle سے دیکھا تھا کہ یہ ہو سکتا ہے یا نہیں۔

RESOLUTION; *RE:* LIVE TELECAST OF SENATE'S PROCEEDINGS

Maulana Kausar Niazi: I move:

"This House recommends that the proceedings of the Senate be telecast live on the television net work in the country".

Mr. Chairman: The resolution is that:

"This House recommends that the proceedings of the Senate be telecast live on the television net work in the country".

Kazi Abdul Majid Abid: Opposed.

Mr. Chairman: Right. Yes Maulana Kausar Niazi.

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! ایک ترقی پذیر اور جمہوریت کی طرف جانے والے ملک کی حیثیت سے ہماری ترجیحات میں یہ بات سرفہرست ہونی چاہیے کہ ہم اپنے منتخب اداروں کو مضبوط کریں اور ان کی مضبوطی کے لئے ضروری ہے کہ ہم ان کی کارگزاری سے ووٹر کو یعنی عوام کو آگاہ رکھیں۔ اس وقت صورت یہ ہے کہ ہمارا ٹیلی ویژن، کرکٹ میچوں کو زرکثیر خرچ کر کے دکھاتا ہے۔ کھلاڑی ہمارے قومی ہیروز ہیں یا پھر artists کی پروجیکشن پر زور ہے جب ٹی وی ایوارڈز دیئے جاتے ہیں تو ان محفلوں کو live telecast کیا جاتا ہے۔ ایک ایک لطیفہ، ایک ایک قہقہہ سامعین کی نذر ہوتا ہے لیکن سیاستدان غریب کانٹوں بھرے راستے پر چلتا ہے۔ وہ مختلف اطراف سے آنے والے تیروں سے لہولہان ہوتا رہتا ہے اس کی کوئی بات ادھورے الفاظ میں کبھی کہیں چھپ بھی جاتی ہے، اس کے ووٹر کو یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ جسے ہم نے منتخب کیا تھا وہ وہاں جا کر ہماری نمائندگی کا حق کہاں تک ادا کر رہا ہے۔ پھر پے درپے مارشل لاء اس ملک میں لگتے ~~رہے~~ ہیں اور ان کی وجہ سے سیاست ایک شجر ممنوعہ بن چکی ہے۔ سیاستدانوں کی اس بے رحمی سے کردار کشی ہوتی رہی ہے کہ اب اس کوچہ میں کسی صاحب صلاحیت آدمی کا قدم رکھتے ہوئے کلیجہ کانپتا ہے زمینداروں اور وڈیروں کی بات البتہ دوسری ہے اور میں اس طبقہ میں بھی اچھے لوگوں کے وجود کا اعتراف کرتا ہوں مگر ان مستثنیات کو چھوڑ کر میں یہ کہتا ہوں کہ اکثر سیاست کے اندر وہی لوگ آتے ہیں جن کا کوئی

[Maulana Kausar Niazi]

نظریہ نہیں ہوتا، کوئی نصب العین نہیں ہوتا۔ بلکہ محض حکومت کا ساتھ دینا ان کا مشن ہوتا ہے اس وجہ سے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ اگر کسی ایوان میں ہیں اور ان کی کارکردگی ان کے عوام تک نہیں پہنچتی ہے تو اس سے انہیں کیا فرق پڑے گا۔ لہذا وہ اس botheration میں پڑتے ہی نہیں ہیں انہیں یہ فکر ہی لاحق نہیں ہوتی لیکن جو غریب لوگ غلطی سے پہنچ جاتے ہیں اسمبلیوں کے اندر، ان کو یہ غم کھائے رہتا ہے کہ وہ قوم کی جو ترجمانی کر رہے ہیں۔ وہ ان کے ووٹروں تک پہنچے تاکہ انہیں معلوم ہو کہ ہم عوام کا حق نمائندگی ادا کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، اس کی ایک صورت یہ ہے کہ چونکہ ٹی وی ایک بہت powerful instrument ہے اس پر اس ایوان کی کارگزاری اور ایوانوں کی کارگزاری live telecast ہو تو لوگوں کو یہ معلوم ہوگا کہ ہمارے منتخب ادارے کیا رہے ہیں کن بحثوں میں مشغول ہیں کون کون سے مسائل وہاں اٹھ رہے ہیں۔ اس سے جہاں عوام کی تربیت ہوگی، عوام میں سیاسی شعور پیدا ہوگا، عوام میں مسائل کا ادراک ہوگا وہاں نمائندوں کو بھی یہ طمانیت ہوگی کہ ان کی بات عوام کے کانوں تک پہنچ رہی ہے۔ یہ شکایت بھی رہتی ہے کہ ان ایوانوں میں کورم مکمل نہیں رہتا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر کارروائی live telecast ہو رہی ہو تو یہ کورم ٹوٹنے کا مسئلہ پیدا نہیں ہوگا کیونکہ منتخب نمائندوں کو پتہ ہوگا کہ ہمیں دیکھنے والے موجود ہیں۔ وہ آنکھیں موجود ہیں کہ جو ہمیں پہچانتی ہیں اور اگر ہم ایوان سے اٹھ کر چلے گئے کورم ٹوٹ گیا تو اس کی وجہ سے عوام ہم سے بدظن اور بدگمان ہو جائیں گے اور اسی طرح اگر یہ کارروائی live telecast ہو رہی ہو تو ایوان کی فضا بھی سنجیدہ رہے گی کوئی نازیبا بات نہیں ہوگی اس لئے کہ سب کو پتہ ہے کہ عوام کی نگاہ احتساب ہمیں دیکھ رہی ہے، ہمیں جانچ رہی ہے، ہمیں پرکھ رہی ہے اس طرح گویا اجلاس کا ماحول باوقار ہو جائے گا اور یہ فائدہ بھی

اس ایوان کو پہنچے گا کہ اس کی کارروائی اس انداز سے چلے گی کہ جس انداز سے قواعد چلانا چاہتے ہیں۔

جناب والا! میں پچھلے دنوں جاپان کے دورے پر گیا تھا۔ وہاں میں نے دیکھا کہ جس زمانے میں وہاں پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے وہاں تمام پروگرام معطل کر دیئے جاتے ہیں اور یہ اجلاس کئی کئی گھنٹوں پر محیط ہوتے ہیں ہمارے ہاں تو اجلاس پھر تین ساڑھے تین گھنٹے ہوتا ہے، وہاں چھ چھ، سات سات، بلکہ نو نو گھنٹے کے اجلاس بھی میں نے دیکھے ہیں اور ان اجلاسوں کے دوران ٹیلی ویژن اپنی کارروائی معطل کر کے فقط ایوان کی کارروائی telecast کرتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ وہاں جاپانی عوام کتنے شوق سے اس پروگرام کو دیکھتے ہیں۔ کیونکہ انہیں سیاسی شعور ہے اور وہ تمام تفریحات سے کہیں زیادہ یہ چاہتے ہیں کہ انہیں اپنے قومی نمائندوں کی کارگزاریوں کا علم ہو۔

ابھی امریکہ میں جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ ایران کو اسلحہ فراہم کرنے کے ضمن میں جو انکوائری جاری ہے اور جو کئی کئی گھنٹوں پر محیط ہے۔ وہ روزانہ live telecast ہو رہی ہے اور تمام ٹیلی ویژن، وہاں تو ٹیلیویژن ان گنت ہیں۔ اسے دیکھ رہے ہیں۔ کیونکہ انہیں یہ احساس ہے کہ عوام کو معلومات ہونی چاہئیں تاکہ وہ حکومت کا احتساب کر سکیں مجھے معلوم ہے کہ برطانیہ میں ایسا نہیں ہوتا وہاں کیمرے ایوان میں داخل نہیں ہو سکتے لیکن اس کا سبب یہ ہے کہ وہاں جمہوریت کی روایات اتنی پختہ ہیں اتنی مستحکم ہیں کہ ان کو اس چیز کی ضرورت ہی نہیں ہے وہاں اخبارات کو آپ اٹھا کر دیکھیں تو وہ دو، دو صفحے پارلیمنٹ کی کارروائی کے لئے وقف رکھتے ہیں وہاں اس طرح کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ ملک اب جمہوریت کا سرچشمہ بن چکا ہے اور اگر وہ کارروائی ٹیلی کاسٹ نہ بھی کریں تو اس کو اس سے کوئی

[Maulana Kausar Niazi]

فرق نہیں پڑتا یہی طرزِ عمل بعض دوسرے ملکوں کا بھی ہے کہ جو اپنے عوام کو باخبر رکھنے کے لئے ٹیلیویژن پر اپنے ایوان کی کارروائی دکھاتے ہیں لیکن یہاں ایوان کی کارروائی نہیں بلکہ سیاسی نوعیت کے جو جلسے اور تقریریں دکھائی جاتیں ہیں وہ فقط اربابِ اقتدار کی، ان کی گھنٹے گھنٹے دو دو گھنٹے کی تقریریں، خشک پریس کانفرنسیں، خواہ وہ سائنسی تقریب کی ہو، خواہ وہ کسی ریاضی یا ہندسے کے مسئلے پر بول رہے ہوں وہ یہ تمام و کمال دکھائی جاتی ہیں لوگوں کو خواہ اس سے دلچسپی ہوتی ہے یا نہیں ہوتی لیکن ایوان کے اندر جو کارروائی یا جو کارگزاری ہوتی ہے اس سے عوام کو کاملاً ظلمت میں رکھا جاتا ہے تاریکی میں رکھا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ کہا جا سکتا ہے کہ وقت کی کمی ہوتی ہے اور ٹیلیویژن اور بھی پروگرام پیش کرتا ہے۔ وہ اس کے لئے وقت کی گنجائش نہیں پاتا لیکن مجھے یاد ہے کہ ہمارے زمانے سے اس کے لئے یہ اہتمام کیا جا رہا تھا کہ ٹیلیویژن کا ایک دوسرا چینل کھول دیا جائے۔ تاکہ کم سے کم اس چینل سے تعلیمی نوعیت کے پروگرام اور یہ جو پارلیمانی سرگرمیاں ہیں اور کارروائیاں ہیں ان کو نشر کرنے کا وقت میسر آ سکے۔ مجھے جہاں تک معلوم ہے کہ اب بھی یہ تجویز حکومت کے زیرِ غور ہے اور وہ اس کے لئے کوشش بھی کر رہی ہے اتفاق سے ٹیلیویژن کے پروگرام اس وقت ایک پرانے صحافی اور تجربہ کار اخبار نویس کے ہاتھ میں ہیں قاضی عبدالمجید عابد صاحب جو بہت پرانے اخبار نویس ہیں اور انہیں ذرائع ابلاغ کے سارے پہلوؤں پر عبور حاصل ہے، میں ان سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ بجائے اس تحریک کو oppose کرنے کے، اصولی طور پر اتفاق کر لیں اور یہی وعدہ اگر وہ کر لیں کہ دوسرا چینل عنقریب ٹیلیویژن کا کھولا جائے گا اور اس پر یہ کارروائی لائیو ٹیلی کاسٹ کی جائے گی، تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری آج کی قرارداد کا مقصود حاصل ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین! ان وجوہ کی بنا پر اور ان معروضات کو آپ کے سامنے پیش کرنے کے بعد میں اُمید رکھتا ہوں کہ اراکین سینیٹ اس قرارداد کی تائید کریں گے۔ شکریہ!

Mr. Chairman: Thanks. Any other honourable Member for or against the resolution.

جو بولنا چاہیں ...... جناب وزیر صاحب۔

قاضی عبدالمجید عابد (وزیر اطلاعات ونشریات): بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! مولانا کوثر نیازی صاحب جیسے مانے ہوئے ایک مقرر کی طرف سے جو دلائل ان کی تجویز کی تائید میں پیش کئے گئے ہیں مجھ میں اتنی صلاحیت تو نہیں ہے کہ میں صحیح طور پر ان کا جواب دے سکوں۔ مولانا صاحب ایک بہت ہی پرانے دیرینہ سیاستدان اور پارلیمنٹیرین کی حیثیت سے خود بھی عرصے تک وزیر اطلاعات ونشریات رہ چکے ہیں، تو اس زمانے میں بھی انہوں نے اس چیز کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ سینیٹ یا پارلیمنٹ کے دوسرے ایوان یعنی قومی اسمبلی سے نشریات کو براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا جائے۔ جناب والا! صحیح صورت حال یہ ہے کہ دنیا کے بیشتر ملکوں میں جہاں جمہوریت پوری آب وتاب سے چمک رہی ہے وہاں کبھی کہیں بھی پارلیمنٹ کی کارروائی کو براہ راست ٹیلی کاسٹ نہیں کیا جا رہا جاپان شاید ایک ہی مثال ہو سکتا ہے جس کا ذکر مولانا نے فرمایا باقی اور جگہوں پر یونائیٹڈ سٹیٹس یا یونائیٹڈ کنگڈم میں جو کہ جمہوریت میں ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے وہاں بھی کارروائی براہ راست ٹیلی کاسٹ نہیں کی جاتی اور نہ ہندوستان میں ہو رہی ہے اب یہاں ہمارے وسائل محدود ہیں۔ مولانا صاحب نے مجھے موقع دیا ہے کہ میں یہ کہہ کر جان چھڑاؤں کہ جب دوسری چینل ہماری کام میں آئے گی تو اس وقت کے لئے حکومت کی طرف سے کوئی وعدہ کروں کہ اس وقت پارلیمنٹ کی کارروائی کو براہ راست

[Kazi Abdul Majid Abid]

ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ میں اس قسم کا کوئی مستحکم وعدہ تو نہیں کر سکتا لیکن اس وقت اس معاملے پر غور ضرور ہو سکتا ہے حالات کے تحت، اور مشاورت کے ساتھ دونوں ایوانوں کے نمائندوں کے ساتھ مشاورت کر کے کوئی ایسی سبیل نکل آئی تو اس پر لازماً غور کیا جا سکتا ہے لیکن کسی قسم کا مستحکم وعدہ دینا حکومت کی طرف سے، جس سے حکومت اس وعدے کی پابند ہو جائے، تو میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں۔ کہ کچھ commit کروں پاکستان ٹیلی ویژن کی جو موجودہ کیفیت ہے اسکے مطابق صرف چار گھنٹوں کی روزانہ اس کی ٹیلی کاسٹ ہوتی ہے زیادہ سے زیادہ سات گھنٹے ٹیلی کاسٹ ہوتی ہے اس میں جتنے بھی پروگرام ہیں سب کو سمونا پڑتا ہے۔ تو گزارش یہ ہے کہ اس میں بھی کافی وقت دونوں ایوانوں کی کارروائی کو دینے کے لئے سپیشل رپورٹوں کے ذریعے بھی اور خبروں میں بھی گنجائش پیدا کی جاتی ہے جس میں عوام اپنے منتخب نمائندوں کی کارکردگی سے کافی حد تک روشناس ہوتے رہتے ہیں اس کے باوجود اگر موجودہ حالات میں ان پروگراموں میں کوئی اضافے کی گنجائش ہوئی یا نکل سکی تو اس پر غور کیا جا سکتا ہے، دوسرے چینل کے شروع ہونے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی اس کی گنجائش نکلی اور حالات نے اجازت دی تو اس پر بھی غور کیا جا سکتا ہے لیکن جیسے میں نے عرض کیا کہ میں کوئی یقینی وعدہ نہیں کر سکتا۔

میں جناب چیئرمین صاحب! ایوان کی کارروائی کے علاوہ بھی پاکستان ٹیلی وژن کو جو کہ ابلاغ کا بہت ہی اہم وسیلہ ہے اس کی ذمہ داریاں بہت ساری ہیں۔ بہت سارے پروگراموں کو اپنے ہاں جگہ دینی پڑتی ہے بین الاقوامی خبریں بھی اس میں دینی پڑتی ہیں۔ بین الاقوامی حالات پر بھی تبصرے کئے جا سکتے ہیں اور ملکی حالات کے مختلف پہلوؤں پر بالخصوص تعلیم کے فروغ پر اور اصلاحی پروگراموں پر بھی کافی وقت اس کو صرف کرنا پڑتا ہے۔ تو میں مولانا صاحب سے گزارش

کروں گا کہ ہم ایوان میں بیٹھ کر ابھی کوئی حتمی فیصلہ کریں، بہتر یہ ہوگا کہ وہ اپنی اس تجویز کو واپس لے لیں، اور ایوان سے باہر ہم اس پر اچھی طرح گفت وشنید کریں پھر کوئی صورت نکل آئی تو اس میں جہاں تک میری ذات کے تعاون کا سوال ہے یا میری حکومت کا بھی تو حکومت ہر حال میں چاہتی ہے۔ اور خود اس بات کی منتظر ہے کہ ہم عوام کو جتنا بھی زیادہ سیاست سے مانوس کر سکیں ان کی سیاسی سوجھ بوجھ میں جتنا بھی اضافہ کر سکیں ان کو سیاسی حالات سے زیادہ سے زیادہ جتنی بھی واقفیت فراہم کر سکیں ہم انتہائی خوش دلی کے ساتھ کرنے کو تیار ہیں اور یہ میری حکومت کی بھی منشا ہے۔ میری بھی منشا ہے کہ ہمیں عوام کو جو تربیت دینی ہے، جو اس کو سیاسی تعلیم دینی ہے اس کے لئے ہمیں جو بھی اپنے موجودہ ذرائع ابلاغ ہیں ان کا زیادہ سے زیادہ استعمال کر کے عوام کی رہنمائی کرنا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ مولانا صاحب اس وقت اس پر اصرار نہ کریں اور اس تجویز کو فی الحال واپس لیں اس پر ہم ایوان سے باہر بیٹھ کر گفت وشنید کر سکتے ہیں اور اگر کوئی اچھی صورت نکل آئی تو پھر اس کو تجویز کی شکل میں ایوان کے سامنے بھی لایا جا سکتا ہے شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب مولانا صاحب!

مولانا کوثر نیازی: جناب اب قاضی صاحب ہمارے بڑے بھائی ہیں اور وہ چاہتے بھی ہیں کہ کوئی رستہ نکلے تو میں فی الوقت ان کے کہنے پر یہ ریزولیوشن واپس لیتا ہوں اور انشاءاللہ ہم باہر مل جل کر دونوں آپس میں تبادلۂ خیال کرنے کے بعد زیادہ موزوں اور زیادہ مناسب شکل میں نیا ریزولیوشن موو کرنے کی کوشش کریں گے۔

Mr. Chairman: Thanks. Since the resolution was moved, I think, it requires the leave of the Senate that it should be withdrawn. Does the House give leave to Maulana Sahib, to withdraw the resolution?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Right. Next Mr. Javed Jabbar. Not present. Next is also in the name of Mr. javed Jabbar.

Then No. 15, Malik Faridullah Khan. He has also gone.

The next again is in the name of Maulana Kausar Niazi.

RESOLUTION ; BUDGET TO BE LAID BEFORE THE SENATE ALSO

Maulana Kausar Niazi: Sir, my resolution is that:

> "This House recommends that from the next financial year the national budget be laid before the Senate also and its approval by the Senate be made obligatory by making suitable changes in the relevant article of the Constitution."

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: Opposed, Sir.

مولانا کوثر نیازی : جناب چیئرمین ! اس ملک میں دو ایوان قائم کرنے کے پیچھے جو فلسفہ کام کر رہا ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک کے چار صوبوں میں سے ایک صوبے کی آبادی بہت زیادہ ہے اور اگر یہاں صرف ایک ایوان ہو تو ہمیشہ اسی صوبے کے نمائندوں کی اکثریت اس ایوان میں ہو گی اور وہی صوبہ حکومت بنائے گا اور باقی تین صوبے ہمیشہ احساس محرومی میں مبتلا رہیں گے۔ اسی احساس محرومی کے خطرے کے پیش نظر اس وقت کے آئین سازوں نے یہ طے کیا کہ دو ایوان ہوں اور ایوان بالا کے اندر تمام صوبوں کی مساوی نمائندگی ہو۔ اس مساوی نمائندگی کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ صوبہ جو ایوان زیریں کے اندر اکثریت رکھتا ہے اس ایوان کے اندر وہ باقی تین صوبوں کے بالمقابل اقلیت بن کر رہ گیا

ہے اور کوئی قانون کوئی بل چونکہ اس ایوان کی اپروول کے بغیر پاس نہیں ہو سکتا اس لئے وہ خطرہ ٹل گیا ہے کہ ایک صوبہ اس ملک پر راج کر رہا ہے اور باقی صوبے اس کے زیر نگیں ہیں۔ لیکن جناب چیئرمین! آئین کا یہ فلسفہ، آئین کی یہ سپرٹ اس وقت تک پوری نہیں ہو سکتی جب تک اس ایوان بالا کے دائرہ کار میں مالی معاملات بھی نہیں دے دیئے جاتے کیونکہ چاروں صوبوں کی نمائندگی اور یکساں نمائندگی رکھنے والا یہ ایوان اگر مالی معاملات میں بجٹ کے معاملات میں کوئی آواز نہیں رکھتا تو پھر اس کے جو ووٹرز ہیں وہ مطمئن نہیں ہو سکتے اور وہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا جس کے لئے یہ ایوان قائم ہوا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ کہا جائے چونکہ یہ ایوان indirectly elect ہوا ہے اس لئے اس کو یہ حق نہیں پہنچتا۔ میں کہتا ہوں اگر اس مقصد کے لئے اس ایوان کو direct بنانا ضروری ہو تو ہمیں اس پر بھی اعتراض نہیں ہے۔ لیکن اصل زور اس بات پر ہے کہ بجٹ اور اس سے متعلقہ مباحث، مالی معاملات، وہ اس ایوان کے اندر آنے چاہئیں اگر آپ اس ایوان کو مؤثر بنانا چاہتے ہیں۔ اگر اس کو محض ایک ڈیبیٹنگ سوسائٹی بنائے رکھنا مقصود ہے تو پھر بات دوسری ہے لیکن بجٹ اس ایوان کے اندر لازماً پیش ہونا چاہیے تاکہ اس ایوان کا وقار بڑھے اور اس ایوان کو صحیح معنوں میں اپنے صوبوں کے عوام کے احساسات اور ان کے مفادات اور ان کے حقوق کی نگہداشت، نگرانی اور ترجمانی کرنے کا موقع مل سکے۔

جناب چیئرمین! یہ ایک ایسی ضرورت ہے کہ اس کے لئے ہمیں آئین میں ترمیم کرنی پڑے گی لیکن اگر قومی اسمبلی کو یہ کہا جائے کہ ایوان بالا کو بھی اس میں شریک کرنا مقصود ہے اس لئے یہ آئینی ترمیم ضروری ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ قومی اسمبلی کو اس سے کوئی انکار ہو اگر یہ دقت ہو کہ قومی اسمبلی کے بجٹ پاس کرنے کے بعد،

[Maulana Kausar Niazi]

پھر سینیٹ کا اجلاس بلانا پڑے گا اور پھر یہ بہت طویل عمل ہو جائے گا تو میں یہ بھی تجویز کرتا ہوں کہ ہم آئین میں جو ترمیم لائیں اس میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ بجٹ پاس کرتے وقت دونوں ایوان پارلیمنٹ کی صورت میں ملیں تاکہ وقت بچ جائے اور ایک ساتھ دونوں ایوان اس کی تکمیل میں اور اس کی approval میں شریک ہو سکیں۔ مجھے احساس ہے کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو پارٹی پالیٹکس سے بالا ہے اور اراکین سینیٹ نے فرداً فرداً کبھی بھی جب مجھ سے اس موضوع پر بات کی ہے وہ اس خامی کو، اس کمی کو محسوس کرتے ہیں اب جبکہ میں نے قرارداد کی صورت میں ان کا یہ مدعا اس ایوان میں پیش کیا ہے، مجھے امید ہے کہ وہ اس کی کاملاً تائید کریں گے تاکہ ایوان بالا کو مؤثر بنایا جا سکے اور صوبوں کے مالی مفادات کی تمام تر نگہداشت اور نگرانی اور ترجمانی اور ان کے مفادات کا تحفظ کرنے میں یہ ایوان اپنا کردار ادا کر سکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب شیریں دل خان صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) شیریں دل خان نیازی: شکریہ چیئرمین صاحب۔ میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں اور یہ کہنے کی جسارت کرتا ہوں کہ nominated Senate ۱۹۲۰ میں money Bills کو ڈسکس کر سکتی ہے۔ یہ تو elected Senate ہے اس کو کرنا چاہیے اور جیسے مولانا صاحب نے فرمایا ہے اگر پریذیڈنٹ صاحب کا جو ایڈریس ہے۔ اس کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جا سکتا ہے تو چاہیے کہ یہ بجٹ بھی پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے اور پارلیمنٹ میں ڈسکس کیا جائے ہمیں کسی آئینی ترمیم کی ضرورت نہیں پڑے گی چھوٹے صوبے، خاص کر جو تین ہیں ان کو واقعی احساس محرومی ہے۔ بجٹ کا سینیٹ میں ڈسکس ہونا یا جائنٹ سیشن میں ڈسکس ہونا ایک ضروری امر ہے اور میں سمجھتا ہوں اس سے پاکستان کا استحکام ہوگا اور یہ پاکستان کے لئے بہتر ہوگا شکریہ!

جناب چیئرمین: میں اتنا عرض کر دوں کہ اگر پارلیمنٹ کے سامنے آپ نے بجٹ پیش کرنا ہے تو آئینی ترمیم پھر بھی ضروری ہو گی کیونکہ بہت کلیئر پروویژن ہے کہ

The budget can only be laid before the National Assembly.

An honourable Member: So, Sir, we must amend the Constitution.

جناب چیئرمین: وہی میں عرض کر رہا تھا کہ اس غلط فہمی میں آپ نہ رہیں اور وہ جو Constitution provision ہے کسی ایک رولنگ میں میں نے بہت تفصیلاً اس کا تقابل کیا تھا ہندوستان کے آئین کے ساتھ جو آپ حضرات کو یاد ہو گا۔ حسن اے شیخ صاحب۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, under Rule 71(k) "A motion shall not be admissible if it relates to a matter which can only be remedied by legislation"

Mr. Chairman: We are talking of resolution. It is not an adjournment motion.

Mr. Hasan A. Shaikh: Yes, Sir. But a resolution cannot be moved when the remedy is by way of legislation and which he can move himself.

Mr. Chairman: There are separate provisions governing the resolutions. If you refer that, I think, there is no bar to making a recommendation on a particular subject as long as it is within the jurisdiction of this Hosue.

If you refer to the chapter on Resolutions.

Mr. Hasan A. Shaikh: Yes it is chapter 11, Sir.

Mr. Chairman: Chapter 11. There is nothing which comes in the way of moving of this resolution.

Mr. Hasan A. Shaikh: No, it is not primarily concern of the Government of Pakistan. It is a concern of the National Assembly and Parliament, therefore, it is not primarily the concern of the Government of Pakistan. Therefore, under Rule 115(2) this resolution cannot be moved. He can move a resolution which shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which Government has substantial financial interest. Now, this is not primarily concern of the Government, it is everybody's concern. I can move an amendment.

Mr. Chairman: You mean to say that the Government has no interest in the budget.

Mr. Hasan A. Shaikh: No, substantial financial interest. Not merely no interest, no substantial financial interest. The Government has no substantial financial interest in this.

Mr. Chairman: What is a budget?

Mr. Hasan A. Shaikh: This is matter, which should relate to a matter in which there is primarily the concern of the Government or to a matter in which a Government has substantial financial interest. In placing budget before the Senate there is no primary financial interest, of the Government. It may have in the budget itself but his plea is that the budget should be placed before the Senate as well as before the National Assembly. That plea is not correct.

Mr. Chairman: The questions how the budget should be presented, how the budget should be passed, how it should be debated etc. are the primary concerns of the Government.

Mr. Hasan A. Shaikh: No, Sir. My submission is it is everybody's right. I can move an amendment to the Constitution.

Mr. Chairman: This means that the Government is something out side the everybody.

Mr. Hasan A. Shaikh: No, the Government is something......

Mr. Chairman: The Government represents this country, the Government represents the 90 million people.

Mr. Hasan A. Shaikh: Yes, but when I have got the power, I have got the authority, I have got your permission to move....

Mr. Chairman: This is what the honourable Member is recommending to the Government that please do this. I don't think there is anything constitutionally wrong.

Mr. Hasan A. Shaikh: Constitutionally I don't think it is permissible.

Mr. Chairman: Any way you are entitled to your own view.

مولانا کوثر نیازی : مگر جناب چیئرمین .....

جناب چیئرمین : میرے خیال میں وہ ہو گیا ہے ان کو سننے دیں ۔

مولانا کوثر نیازی : نہیں صرف میں یہ کہتا ہوں کہ یہ نکتہ اٹھانے کا وقت بھی گزر چکا تھا جب میں نے پیش کیا تھا۔ اسی وقت کھڑے ہو کر عظیم ماہر قانون فرماتے اب تو وہ موقع نہیں رہا ۔

Mr. Chairman: ابھی وہ اپوز کر رہے ہیں ۔ He is speaking for and against

وہ وقت نہیں گزرا

He can still oppose it

یہ پوائنٹ میرے خیال میں صحیح نہیں تھا۔

Mr. Wasim Sajjad, are you wanting to say something.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, I just wanted to bring to your notice a passage in 'Kaul's' book on page 552, where Sir, earlier on they say:

> "A resolution recommending to the Government to bring forward new legislation or amendment of an existing enactment is admissible."

[Mr. Wasim Sajjad]

But then further on he says, Sir:

> "Resolutions, *inter alia,* on the following subjects have been disallowed:
>
> > Severance of diplomatic relations in normal peace time; amendments to the rules; events in another country; taxation measures; amendment of the Constitution;"

So, whereas it appears that the resolutions recommending legislation have been allowed, resolutions recommending amendment to the Constitution have been disallowed under this.

Mr. Chairman: Unfortunately we are speaking at times with what I would call, "forked tongues". This very House passed a Bill amending the Constitution in great details sent it to the Lower House and now we are saying that the House is not entitled to make a recommendation with regard to amendment of the Constitution. I really don't understand and that was also on the basis of a resolution moved earlier. So, please be consistent in these matters.

Mr. Wasim Sajjad: No Sir, I just thought and I brought it to your notice and it is also.....

Mr. Chairman: No. No. I know this. Actually before we admit a resolution we consider all the rules regulation, practices, procedures elsewhere. You are entitled to oppose the resolution but I think nothing is wrong with the moving of the resolution. You can reject it, you can throw it out, that is your privilege.

Mr. Wasim Sajjad: No, Sir, I just thought, it is a settled point Sir. Earlier on when Maulana Sahib had moved a resolution saying that the Assembly debates should be telecast, that is the National Assembly's debate, an observation was made and correctly so that we should not say anything regarding the National Assembly.

Mr. Chairman: Right.

Mr. Wasim Sajjad: Because they can deal with it. So, if of course the resolution is only to the effect that they are asking the Senate to do something, that is one thing.

Mr. Chairman: No.

Mr. Wasim Sajjad: But when they say, amendment of the Constitution, now that involves two Houses that is a 2/3rd majority here and a 2/3rd majority in the National Assembly.

Mr. Chairman: But firstly he is asking for the rights of this House to be restored in a way so that this House can serve the exact purpose for which it was being created and for which it was created. I think whether we acknowledge it or we do not acknowledge it but part of the gratitude for whatever the Senate can do today belongs to the Martial Law regime. They brought out amendments, I would just give you one example, the Bills can now originate regarding of the category of Bills in the two Houses and the two Houses in that respect have been brought more or less at par. Now, this was not there before at the time when the Constitution was framed but if the idea is that matters which are of concern to the Provincial Government that this House is also entitled to debate etc. whether the Government accepts, this House accepts or not but the motion primarily has been moved to get some additional rights for this House and of course whatever the consequences they will have to be then gone through.

Mr. Wasim Sajjad: Yes Sir, on that of course Mian Sahib will make his....

Mr. Chairman: I am just referring to this.

Mr. Wasim Sajjad: But I just thought Sir, to bring to your notice that here to the extent that we are asking by a resolution something from the National Assembly that may not be....

Mr. Chairman: We are not asking from the National Assembly, please.

Mr. Wasim Sajjad: That may be inappropriate....

Mr. Chairman: It is not that, we are not asking anything from the National Assembly.

Mr. Wasim Sajjad: No Sir, an amendment would involve....

Mr. Chairman: Within the frame-work of the Constitution one honourable Member and may be the House or more honourable Members want to have some additional rights and privileges for this House. This is perfectly in order nothing wrong with this. When it goes to the National Assembly the National Assembly can throw it out. The Government itself may not agree to moving an amendment in the National Assembly or to bring about a constitutional amendment Bill, that is the privilege of the Government but the moving of the resolution, I think, is right. I remember that on the very first day when we met, I think, way back in March 1985, a number of honourable Senators now they are not here some of them, Zohri Sahib for example, moved that type of representation this is, on the one hand the Government tells us and the Constitution says that we have equal representation and the rights of the provinces have been restored etc. etc. regardless of their size, regardless of their resources, regardless of their political affiliations etc., and on the other hand on the most vital issues we cannot do anything. Professor Khurshid, I think, he wrote a long article on this and it appeared in the Press also, exactly stressing the same point. So as for the moving of the resolution is concerned I think there is nothing wrong with this and I would reiterate that before we accept a resolution we go into the legality and the constitutionality of this very thoroughly but it is your privilege, it is your right to reject it if you don't want to pass it.

Mr. Wasim Sajjad: No Sir, that of course after Mian Sahib has made his reply, the House will take a decision but I just thought I will emphasise Sir, that here in this resolution a recommendation is being made that the Articles of the Constitution be amended. Now, the one view point which was expressed by an honourable Member earlier on during the debate was that within the existing Constitution is it permissible or not, that is a separate question, but asking the amendment of the Constitution means that we are recommending something to the National Assembly to do. This would be on the same lines as.....

Mr. Chairman: No. No. Please. Please. I think the constitutional amendment they can again (that this type of a Bill) originate in either House, it can originate in the Senate, it can originate in the Assembly. There is no bar on this House moving a constitutional amendment Bill, if the Government so wishes, it is a different matter that it would require passage in both the Houses by 2/3rds majority and if there is a difference of opinion between the two Houses that is also the end of the Bill.

Mr. Wasim Sajjad: And therefore Sir, because it requires a 2/3rds majority in the National Assembly this is not an obligation of the Government, it can be of the Assembly's.

Mr. Chairman: He is only recommending, it is not the obligation of the Assembly. He is only recommending that this House should recommend to the Government that this should be done. Well the House can reject it.

Mr. Wasim Sajjad: Supposing Sir, the Government accepts the recommendation what can we do?

Mr. Chairman: The Government can bring a Bill into this House.

Mr. Wasim Sajjad: Supposing we don't have 2/3rds majority then on this issue what we do?

Mr. Chairman: Then it would be rejected. And in that case the honourable course.....

Mr. Wasim Sajjad: We are placing....

Mr. Chairman: Depending on the emphasis which the Government attaches to these things, if the Government on a Bill like this is defeated.....

Sardar Khizar Hayat Khan: Point of order, Sir.

Mr. Chairman: Let us hear the point of order.

سردار خضر حیات خان : جناب والا ! اگر جناب وزیر قانون صاحب کی contention مان لی جائے تو اس کا مطلب ہے کہ سینیٹ آئین میں کوئی ترمیم پیش ہی نہیں کر سکتی۔

Mr. Chairman: Now, I think somehow there is a misunderstanding that in asking for additional rights or privileges for this House we are taking away, we are snatching something from the National Assembly. The Constitution does neither belong to this House nor to the national Assembly. It belongs to the Parliament as such or for that matter to the nation as such and when somebody is asking for more powers for a particular limb of the Parliament I think there is nothing wrong or irregular about it.

Mr. Wasim Sajjad: I think, Sir, a distinction must be made...

Mr. Chairman: You can oppose the motion itself but saying that the motion is inadmissble, I think, that is not inadmissible.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, another point. An observation was made that if the Government cannot get the Constitution amended then it should leave the office. Now, I would say, Sir, that by the grace of God today the Government has a two/thirds majority but any Government may not have it. If you have a majority support in the National Assembly the Government will be formed by that party and, therefore, normally if you ask the Government to get a constitutional amendment through, it may be asking some thing for the impossible. It is an unusual situation today. We are grateful to the Almighty Allah that this Government is blessed with this majority but normally this may not be so.

Mr. Chairman: I am crediting the Government with this much sense that they would not agree to a measure in the form of a Constitutional Amendment Bill in this Hosue if they think that they would not have and they would not command the two/thirds majority required either in this House or in the other House. Then they would be making a point of ridicule, something actually a joke of themselves. So, this I am crediting the Government that they would not accept this

recommendation but here when you are saying that the motion itself or the resolution itself should not have been moved or this is inadmissible that, I am afraid, I cannot accept.

Mr. Wasim Sajjad: I have stated the point, Sir.

Mr. Chairman: Any other one? Somebody opposing it or speaking for or against?

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: میں اس کے حق میں ہوں۔

جناب چیئرمین: جی، جی، مخالفت میں بولیں یا اس کے حق میں بولیں یہ آپ کی مرضی ہے یہ آپ کا حق ہے کہ آپ ضرور بولیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: یہ ہے کہ Bi-cameral House کے متعلق یہ ہے کہ سارے صوبوں کی نمائندگی مساوی ہو اور ہمیں صرف اس لئے debar کیا ہوا ہے کہ ہمیں financial باتوں پر کوئی حق نہیں ہے یہ تو ویسے بھی زیادتی ہے سارے ہاؤس کا یہ خیال ہے کہ ہمیں یہ اختیارات ملنے چاہئیں تاکہ ہمیں بجٹ کے اوپر اختیارات ہوں اور اپنے صوبے کے لئے بات کر سکیں۔ وہ تو میجارٹی والے صوبے ہیں اور میجارٹی والے صوبے ہم سے ہمیشہ بجٹ زیادہ کر لیتے ہیں تو میں اس کے حق میں ہوں اور اس ریزولیوشن کی میں تائید کرتا ہوں۔۔

Mr. Ali Nawaz Khan Talpur: Sir, I think Maulana Sahib has brought in a very good Resolution and the Government should be quite magnanimous in accepting it. I support it, Sir.

Mr. Chairman: This is entirely for you but let me tell you that the Resolution has very serious implications both for this House, for the country and for everybody. I think you should not be in a hurry to pass this Resolution. it should be debated at length. Consider the implications, consider the pros and cons and then come to a decision and a judgement. We do not want, in fact this would become a poitn of

[Mr. Chairman]
privilege again that a Resolution which has been passed by this House has not been implemented. Although the rulings are different but still it can be a point of grievance at least for some honourable Members.

تو اس کو سوچ لیں کہ کیا کرنا ہے ۔ کیا نہیں کرنا ہے ۔

Mir Hussain Bakhsh Bangulzai: I do agree with the ideas of the Chair.

Mr. Chairman: This also requires, may be that you have to discuss it in your party what attitude the Government should take in this.

Mr. Hasan A. Shaikh: It has been discussed.

Mr. Chairman: Well, then it is upto you. If you are ready I am here to listen to you and then ultimately I will have to put the question.

(Interruptions)

میری کوئی تجویز نہیں ہے میں آپ کو Pros and Cons بتا رہا ہوں کہ بعد میں پھر گلہ نہ رہے کہ کوئی چیز جلدی میں ہوئی اور ہم سمجھے نہیں اور پھر وہ بہانے وغیرہ ہی ہوتے ہیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : تو جناب پھر اس کے بعد کی تاریخ میں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Chairman: It has been moved. It is now the property of the House.

مولانا کوثر نیازی : اگر حکومت اس پر مزید غور کرنا چاہتی ہے تو اس کو مؤخر کر دیں ۔

(Pause)

Chairman: Then it is agreed that it should postponed to some other date.

اچھا اب آگے چلانا ہے یا ختم کریں۔

<u>معزز اراکین</u>: پوسٹ پون کر دیں۔

Mr. Chairman: Well, the House stands adjourned to meet tomorrow at 10.00 a.m. Thank you.

[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Monday, August 3, 1987]

PCPPI—3125(87) Senate—11-7-89—300.